PATHWAY CRICKET

engro CRICKET COACHING PROJECT

PATHWAY CRICKET PROGRAMME

MEDIA RELEASE

اینگرو کرکٹ کوچنگ پروجیکٹ 10 جولائی سے شروع ہو گا

چھ غیر ملکی کوچز 120 کھلاڑیوں کی کوچنگ کریں گے۔

لاہور 9 جولائی، 2023

چھ غیر ملکی کوچز جن میں تین سابق ٹیسٹ کرکٹرز بھی شامل ہیں آئندہ ہفتے پاکستان کرکٹ بورڈ کے تحت ہونے والے اینگرو کرکٹ کوچنگ پروجیکٹ کے پاتھ وے کرکٹ پروگرام میں کوچنگ کریں گے۔

یہ دوسرا سال ہے کہ اینگرو کرکٹ کوچنگ پروجیکٹ منعقد ہو رہا ہے۔

انڈر 13 سے انڈر 19 تک کے ایج گروپ میں تقریباً 120 کھلاڑیوں کو اس پاتھ وے کرکٹ پروگرام کے تحت ٹریننگ دی جائے گی جو 10 جولائی سے 10 اگست تک لاہور اور مرید کے میں منعقد ہو گا۔

یاد رہے کہ یہ پروجیکٹ پاکستان کرکٹ بورڈ اور اینگرو کارپوریشن کے درمیان گزشتہ سال ایک معاہدے کے تحت عمل میں آیا تھا جس کے تحت اینگرو کارپوریشن تین سال تک اس پروگرام کے لیے غیر ملکی کوچز کو اسپانسر کر رہی ہے۔

ان کوچز میں آسٹریلیا کے جیف لاسن، نیوزی لینڈ کے اسکاٹ مک لارن، جنوبی افریقہ کے ہرشل گبز برطانیہ کے گورڈن پارسنز، جولین فاؤنٹین اور زمبابوے کے تاتند اٹائبو شامل ہیں۔

جیف لاسن 46 ٹیسٹ اور 79 ون ڈے انٹرنیشنل کھیل چکے ہیں۔

ہرشل گبز نے 90 ٹیسٹ اور 248 ون ڈے انٹرنیشنل اور 23 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کھیلے ہیں جبکہ تاتند اٹائبو نے 28 ٹیسٹ 150 ون ڈے انٹرنیشنل اور 17 ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل کھیلے ہیں۔

ایک وقت میں پانچ کوچز اس کوچنگ پروجیکٹ میں موجود ہونگے۔

ہرشل گبز انڈر 13 اور انڈر 16 کے کھلاڑیوں کے ساتھ کام کریں گے اور وہ 16 جولائی کو واپس چلے جائیں گے۔

جیف لاسن 22 جولائی کو پہنچیں گے اور وہ دو روز انڈر 16 کے ساتھ کام کرنے کے بعد انڈر 19 کے کھلاڑیوں کے ساتھ کام کریں گے۔

انگلینڈ میں پیدا ہونے والے گورڈن پارسنز جنہوں نے جنوبی افریقہ میں بھی فرسٹ کلاس کرکٹ کھیلی ہے گزشتہ سال بھی اس پروجیکٹ کا حصہ تھے اور وہ پچھلے سال پاکستانی انڈر 19 ٹیم کے بنگلہ دیش ٹیم کے دورے کے دوران بولنگ کوچ بھی رہ چکے ہیں۔ وہ اس مرتبہ بھی اس پروگرام میں بولنگ کوچ ہونگے جبکہ جولین فاؤنٹین فیلڈنگ کوچ ہونگے۔

انڈر 13 میں 25 کھلاڑی منتخب ہوئے ہیں جنہیں 13 سے 25 جولائی تک نیشنل کرکٹ اکیڈمی میں ٹریننگ دی جائے گی۔

اس کیٹگری میں یکم ستمبر 2010 یا اس کے بعد پیدا ہونے والے لڑکے سلیکشن کے اہل ہیں اور اس میں ان کی اس سال مارچ سے مئی تک ہونے والے انٹر ریجن انڈر 13 ون ڈے ٹورنامنٹ کی کارکردگی کو مدنظر رکھا گیا ہے۔ جو لڑکے اس ٹورنامنٹ میں پرفارم کرنے کے بعد اوورایج ہوگئے انہیں انڈر 16 میں منتقل کردیا گیا ہے۔

انڈر 16 میں 37 کھلاڑی مرید کے کنٹری کلب میں 10 سے 25 جولائی تک حصہ لیں گے۔ ان لڑکوں میں یکم ستمبر 2007 یا اس کے بعد پیدا ہونے والے لڑکے شامل ہیں۔ اور انہیں انٹر ریجن انڈر 16 ون ڈے ٹورنامنٹ کی پرفارمنس پر سلیکٹ کیا گیا ہے۔ جو لڑکے اس ٹورنامنٹ میں پرفارم کرنے کے بعد اوورایج ہوگئے انہیں انڈر 19 میں منتقل کردیا گیا ہے۔

انڈر 19 میں 58 کے لگ بھگ کھلاڑی دو گروپ میں لاہور اور مرید کے میں 26 جولائی سے 10 اگست تک کام کریں گے جن کی پیدائش 1 ستمبر 2004 کی ہے۔ ان کھلاڑیوں کے ناموں کا اعلان بعد میں کیا جائے گا۔

-ENDS-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk